## 1990 - زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں کھانا

**سوال**

میں ایك عورت کے درس میں جاتی ہوں اس نے درس میں کہا کہ زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں مکروہ ہیں، اور کئی ایك اشیاء کو اکٹھا ایك ہی برتن میں پکانا حرام ہے، برائے مہربانی آپ اس کے متعلق واضح کریں آیا اس کی یہ بات صحیح ہے یا نہیں ؟
ہماری عادت ہے کہ زمین کے اندر پیدا ہونے والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی ایك ہی برتن میں پکاتے ہیں، کیا اس کی بات صحیح ہے یا غلط ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کی تمام چیزوں کو پیدا کیا... البقرۃ ( 29 ).

اور ایك مقام پر اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان اس طرح ہے:

اے لوگوں زمین میں جو کچھ ہے اس سے حلال اور پاکیزہ اشیاء کھاؤ، اور شیطان کی پیروی مت کرو، یقینا وہ تمہارے لیے واضح اور کھلا دشمن ہے البقرۃ ( 168 ).

اور دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالی ہے:

آپ فرما دیجئے کہ اللہ تعالی کے پیدا کیے ہوئے اسباب زینت کو جو اللہ نے اپنے بندوں کے واسطے بنائے ہیں، اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس شخص نے حرام کیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ یہ اشیاء اس طور پر کہ قیامت کے روز خالص اہل ایمان کے لیے ہونگی، اور دنیاوی زندگی میں مومنوں کے لیے بھی ہیں، ہم اسی طرح تمام آیات کو سمجھ داروں کے لیے صاف صاف بیان کرتے ہیں الاعراف ( 32 ).

اس سے ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ زمین جو کچھ بھی اگاتی ہے وہ اصل میں حلال ہے، اور بغیر کسی شرعی دلیل کے اسے حرام یا مکروہ کہنا جائز نہیں، اس لیے ہم یہ سوال کرتے ہیں کہ زمین کے اندر اگنے والی سبزیاں مثلا آلو، گاجر اور پیاز، لہسن، مولی، شلجم وغیرہ کی حرمت یا کراہت کی کیا دلیل ہے ؟؟

پھر اس عورت نے جو قاعدہ اور اصول بیان کیا ہے وہ کتنا ہی عجیب و غریب ہے ۔ جس کے پس منظر سے ہم تو واقف نہیں ۔ وہ یہ کہ مکروہ اشیاء کو ملا کر ایك ہی برتن میں پکانے کے نتیجہ میں وہ حرام ہو جاتی ہیں ؟!

اگر تو اس کے نتیجہ میں کوئی نشہ آور یا زہریلی چیز بن جائے، یا پھر پکائی گئی چیز حرام ہوتی مثلا خنزیر کا گوشت ہوتا تو ہم کہتے کہ اس کا کھانا حرام ہے، لیکن جو آپ نے ذکر کیا ہے کہ زمین کے نیچے اگنے والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی پکاتی ہیں، یہ مباح ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں.

ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ لا علم شخص کی کلام کو کوئی وزن نہ دیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حق نصیب فرمائے، اور ہمیں دین کی سمجھ عطا فرمائے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .